F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 17/09/2019

حکومت کے تعلیمی مشن کی طرح فروغ اردو کے لیے اردو مشن کو عام کرنے کی ضرورت: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی اردو کونسل کے صدر دفتر میں ماس میڈیا پینل کی میٹنگ

نئی دہلی۔ موجودہ عہد انفارمیشن اور ٹیکنالوجی کا ہے۔ اب بات ٹیلی ویژن، موبائل، انٹرنیٹ اور واٹس ایپ سے ہوتی ہوئی ویب چینل تک پہنچ گئی ہے۔ عصری تقاضوں کو سامنے رکھتے ہوئے قومی اردو کونسل روایتی ڈگر سے ہٹ کر جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے اردو کے فروغ کے لیے کام کرنا چاہتی ہے۔ یہ باتیں قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے قومی کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ میٹنگ برائے ماس میڈیا میں کہیں۔ انھوں نے کہا کہ آج کی میٹنگ میں اردو کے فروغ کے لیے کئی اہم فیصلے لیے گئے ہیں، جن میں سائبر لائبریری کی تشکیل کا عمل بھی شامل ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ ایک ایسی لائبریری ہوگی جس میں اردو کے حوالے سے مختلف موضوعات پر مشتمل مواد وافر مقدار میں دستیاب ہوگا۔ ساتھ ہی اس میں کونسل سے شائع ہونے والے رسالوں کے گزشتہ دس برس کے شماروں کے علاوہ کونسل کی شائع کردہ بیشتر کتابیں بھی ہوں گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ کونسل جلد ہی ایک موبائل ایپ بھی تیار کرے گی جس میں اردو لرننگ سے متعلق کہانیاں، نظمیں اور دیگر ضروری چیزیں ہوں گی، ساتھ ہی صحیح تلفظ کے لیے آڈیو ویژول سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ اس موبائل ایپ میں فونیٹک ٹولس کا بھی اہتمام کیا جائے گا جس کی مدد سے اردو کے تقریباً دس ہزار الفاظ کو صحیح مخرج و تلفظ کے ساتھ ادا کیا جاسکے گا۔ ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے مزید کہا کہ افسانے، نظمیں، غزلیں، مشاعرے اور اردو کوئز کے حوالے سے مسابقاتی پروگرام کا انعقاد بھی کیا جائے گا، جس میں دس بہترین شاعروں کا انتخاب کر کے ان کی صلاحیتوں کے مطابق ان کی ہمت افزائی کی جائے گی اور ان کو انعام و اکرام سے بھی نوازا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ اردو اسکرپٹ رائٹنگ کے لیے کونسل ایک کتاب شائع کرنے جارہی ہے جس کا مقصد اردو اسکرپٹ رائٹنگ سے دلچسپی پیدا کرنا ہے۔ اسکرپٹ رائٹنگ کے تئیں عوام الناس میں بیداری لانے کے لیے کونسل فلمی دنیا کے تمام اسکرپٹ رائٹرس، موسیقاروں، اداکاروں اور اداکاراؤں کے ساتھ ایک Interactive Session کا بھی انعقاد کرے گی تاکہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر اردو کی تشہیر ہو سکے۔ ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ جس طرح حکومت تعلیمی مشن چلا رہی ہے، اسی طرح اردو مشن بھی چلانے کی ضرورت ہے اور اس میں خاص طور سے خواتین کو شامل کیا جانا چاہیے، کیونکہ ان کے ذریعے نئی نسل کو اردو سے بہتر طور پر روشناس کرایا جاسکتا ہے۔

اس میٹنگ کی صدارت پروفیسر این اے کے درّانی نے کی۔ انھوں نے کہا کہ ماس میڈیا کے ذریعے اردو کے فروغ کی راہ ہموار کرنے کے لیے کونسل کے تحت میڈیا افراد کے لیے ایک تربیتی پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ پروفیسر اقبال احمد نے تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اردو کے فروغ کے لیے کونسل کے زیر قیادت ملکی سطح پر اردو کارواں نکالا جائے۔ اس سے نہ صرف اردو کا فروغ ہوگا بلکہ خوشگوار ماحول بھی قائم ہوگا اور یہ آج کی ضرورت بھی ہے۔ جناب عبدالسمیع بوبیرے نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اردو کے فروغ کے حوالے سے

کونسل نے جتنی بھی کوششیں کی ہیں وہ سب کی سب کامیاب رہیں، تاہم موجودہ حالات میں یہ سوال بھی کم اہم نہیں ہے کہ ہم اردو کو عام گھروں تک کیسے پہنچائیں؟ اس تعلق سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ جناب سلیم عارف اور پروفیسر المینہ عباسی نے بھی اردو کے فروغ کے لیے کئی اہم تجاویز پیش کیں جن پر غوروخوض کیا گیا۔

میٹنگ میں جن دیگر حضرات نے شرکت کی ان میں پروفیسر غیاث الرحمٰن سید، ڈاکٹر کلیم اللہ (ریسرچ آفیسر)، ڈاکٹر جاوید اقبال، ڈاکٹر فیاض عالم اور ڈاکٹر شاہد اختر کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

(رابطہ عامہ سیل)